# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو-ا (8659) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایڈ

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا5)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ عہد موجود میں مکتوب نگاری کس حد تک اپنی اہمیت برقرار رکھ پائی ہے؟موجودہ معاشرے میں اس کی ضرورت پر دلائل کے ساتھ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ غالب کے خطوط،ان کے ذاتی حالات اور عہد کے عکاس ہیں۔بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ آتش کی شاعری آج کس حد تک ہمارے فکری رویوں اور احساسات کی ترجمانی کرتی دکھائی دیتی ہے؟مدلل جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ ناصر کاظمی کی شاعری کے حوالے سے آپ کیا جانتے ہیں؟تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اردو ناول کے ارتقاء پر مضمون لکھیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:6تا9)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ ناول نگاری کے فنی تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے آنگن کے بنیادی کرداروں کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ انتظار حسین کی افسانہ نگاری کے حوالے سے آپ کیا جانتے ہیں؟وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ اشفاق احمد کی افسانہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ وزیر آغا کی انشائیہ نگاری کے اوصاف کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ نظیر صدیقی انشائیہ نگار ہیں یا طنز نگار؟دلائل کے ساتھ بحث کیجیے۔ (20)